# سبق -14

# جنگل

ایک لکڑہارا تھا۔اُس کا نام ہیرا تھا۔ ہیرا روزانہ اپنی کُلہاڑی لے کر جنگل جاتا تھا۔ اس کے گاؤں کے پاس ہی ایک بڑا جنگل تھا۔ ہرا بھرا جنگل۔ ہیرا جنگل سے لکڑیاں کاٹ کر لاتا اور بازار میں بیچ دیتا تھا۔ ہیرا جنگل سے لائی ہوئی لکڑیاں بیچ کر کسی دُکان سے گھر کا سودا خرید لیتا۔ ایک روز وہ




© NCERT not to be republished

لکڑیوں کا گٹھّا باندھ کر پیڑ کے سایے میں بیٹھا تھا۔ اسلم اور رشید کی نظر اُس پر پڑی۔ وہ دونوں اُس کے پاس گئے اور کہا:

اسلم : ہیرا چچا! آپ تو روز لکڑیاں کاٹ کر لاتے ہیں۔ جنگل میں دُور تک چلے جاتے ہوں گے۔ اندر جنگل میں اور کیا کیا ہے؟

ہیرا : اسلم بیٹے! جنگل میں اور بھی بہت سے درخت ہیں۔ طرح طرح کے درخت۔ دیودار کے درخت، چیڑ کے درخت، ساگوان اور شیشم کے درخت۔



© NCERT not to be republished

رشید : ہیرا چچا! کیا آپ ہر طرح کی لکڑی کاٹ لیتے ہیں؟

ہیرا : نہیں بیٹا! میں جو لکڑی کاٹتا ہوں وہ معمولی اور سوکھی ہوئی لکڑیاں ہوتی ہیں۔ میں ہرے بھرے پیڑ نہیں کاٹتا۔ دیودار، چیڑ اور شیشم کی لکڑی عمارتی لکڑی ہے۔ دیودار کی لکڑی تو بہت ہی مضبوط ہوتی ہے۔ اس سے پُل بنائے جاتے ہیں۔ کشتیاں اور ہاؤس بوٹ بنائے جاتے ہیں۔ یہ لکڑی پانی میں برسوں رہ سکتی ہے اور خراب نہیں ہوتی۔



© NCERT not to be republished

اسلم : کیا کاٹ کاٹ کر یہ درخت ختم نہیں ہوجائیں گے؟

ہیرا : جو درخت کاٹے جاتے ہیں اُن کی جگہ نئے درخت لگادیے جاتے ہیں تاکہ جنگل ختم نہ ہونے پائیں۔

اسلم : ہیرا چچا! سُنا ہے جنگلوں میں جڑی بوٗٹیاں بھی ہوتی ہیں؟

ہیرا : ہاں بیٹے ہاں! جڑی بوٗٹیاں تو بے شمار ہیں۔ ان سے دوائیاں بنائی جاتی ہیں جو ہمارے کام آتی ہیں۔ جنگلوں سے اور بھی کئی فائدے ہیں۔ جنگل ہمارے مُلک کی دولت ہیں۔ ان سے موسم خوش گوار بنتا ہے۔ ہمیں ان کی حفاظت کرنی چاہیے۔

© NCERT not to be republished

## مشق



پڑھیے اور سمجھیے۔

| | | |
|---|---|---|
| عمارتی لکڑی | : | ایسی لکڑی جو گھر بنانے کے کام آتی ہے۔ |
| کَشتی | : | ناؤ |
| ہاؤس بوٹ | : | ناؤ گھر، پانی پر تیرتا ہوا کَشتی جیسا گھر |


| | | |
|---|---|---|
| بے شمار | : | اَن گنت، بہت زیادہ |
| خوش گوار | : | اچّھا لگنے والا |
| حفاظت کرنا | : | بچانا |



## اِن سوالوں کے جواب دیجیے۔

1. ہیرا روزانہ جنگل کس لیے جاتا تھا؟
2. ہیرا لکڑیاں کس لیے بیچتا تھا؟
3. سبق میں کن عمارتی لکڑیوں کے نام آئے ہیں؟
4. جڑی بوٹیاں کس کام آتی ہیں؟
5. جنگلوں کی حفاظت ہمیں کیوں کرنی چاہیے؟

© NCERT not to be republished



## خالی جگہوں میں مناسب لفظ چُن کر لکھیے۔

1. ہیرا روزانہ اپنی ــــــــ لے کر جنگل جاتا تھا۔ (تلوار / کلہاڑی)
2. ہیرا جنگل سے ــــــــ کاٹ کر لاتا اور بازار میں بیچ دیتا تھا۔ (لکڑیاں / پیڑ)
3. میں جو لکڑی کاٹتا ہوں وہ ــــــــ لکڑی ہوتی ہے۔ (مہنگی / معمولی)

4. دیودار کی لکڑی تو بہت ہی ——— ہوتی ہے۔ (مضبوط / کمزور)

5. جنگل ہمارے ——— کی دولت ہیں۔ (گھر / ملک)

نیچے دیے ہوئے لفظوں کے حروف الگ الگ لکھیے۔

1. ایک = ☐☐☐

2. چیڑ = ☐☐☐

3. شیشم = ☐☐☐☐

4. دیودار = ☐☐☐☐☐☐

5. کَشتیاں = ☐☐☐☐☐☐

© NCERT not to be republished

نیچے دی ہوئی تصویروں کے نام لکھیے۔






———　———　———　———



مثال دیکھ کر نیچے دیے ہوئے لفظوں کو بدل کر لکھیے۔

| |
|---|
| مثال = لکڑی لکڑیاں لکڑیوں |

کَشتی = ______ ______

دوائی = ______ ______

روٹی = ______ ______

گھڑی = ______ ______



مثال دیکھ کر نیچے دیے ہوئے لفظوں کے آخر میں 'ی' ملا کر لفظ لکھیے۔

| |
|---|
| مثال = جنگل جنگلی |

1. مضبوط = ______


2. خراب = ______

3. خوب صوٗرت = ______

4. عمارت = ______

© NCERT not to be republished

درخت کی تصویر میں رنگ بھریے اور نیچے لکھے ہوئے حصّوں کو دکھایئے۔




© NCERT not to be republished

سوچیے اور بتایئے۔

1. آپ کے گھر اور اسکول کے آس پاس کون کون سے درخت ہیں؟

2. آپ کے گھر میں لکڑی سے بنی ہوئی کون کون سی چیزیں ہیں؟

3. جنگل کی حفاظت ہمیں کس طرح کرنی چاہیے؟



خوش خط لکھیے۔

| | |
|---|---|
| لکڑہارا | |
| معمولی | |
| خوش گوار | |
| مضبوط | |
| حفاظت | |

اپنے اسکول میں ایک ایک پودا آپ بھی لگائیے اور اس کی دیکھ بھال کیجیے۔

© NCERT not to be republished